**22.06.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... کلدیم الدین

**Music**

☆ ایران نے اپنی ایٹمی تنصیبات پر امریکی فوج کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے اِسے بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ منشور کی سنگین خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ ایران نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل اور ایٹمی توانائی سے متعلق بین الاقوامی ایجنسی پر زور دیا ہے کہ وہ فوری کارروائی کریں۔

☆ ایٹمی توانائی کی بین الاقوامی ایجنسی نے کہا ہے کہ ایران کے ایٹمی ٹھکانوں پر امریکہ کے فضائی حملوں کے تناظر میں فی الحال تابکاری کی سطح میں کوئی اضافہ نہیں ہوا ہے۔

☆ اسرائیل اور ایران نے ایک دوسرے پر پھر میزائل حملے کیے ہیں۔

☆ سری لنکا اور نیپال نے آپریشن سندھو کے تحت ایران سے ان کے شہریوں کو باہر لانے میں مدد کرنے پر بھارت سرکار کا شکریہ ادا کیا ہے۔

☆ قومی جانچ ایجنسی NIA نے پہلگام کے دہشت گردانہ حملے میں ملوث دہشت گردوں کی مدد کرنے کی بنا پر دو افراد کو گرفتار کیا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، آج سہ پہر Headingley میں بھارت کے ساتھ ٹیسٹ میچ کے آج تیسرے دن انگلینڈ اپنی پہلی اننگز میں تین وکٹ پر 209 رن سے آگے کھیلنا شروع کرے گا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے..........

## US STRIKES - IRAN STATEMENT

ایران نے اپنے ایٹمی ٹھکانوں پر امریکی فوج کے حملے کی سخت مذمت کی ہے اور اِسے بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ منشور کی سنگین خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ ایران کی وزارت خارجہ نے اِس حملے کو جارحیت کی وحشیانہ حرکت سے تعبیر کیا ہے اور اس کے مضمرات کے لیے امریکہ کو پوری طرح ذمہ دار ٹھہرایا ہے۔

امریکی حملے کے بعد جاری کیے گئے ایک بیان میں ایران نے امریکہ پر اسرائیل کے ساتھ ساز باز کر کے کام کرنے کا الزام لگایا ہے اور اسرائیل کو نسل کشی کی مرتکب حکومت قرار دیا ہے۔ ایران نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ اِن حملوں میں پرامن مقاصد کے ایٹمی ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا، جو پہلے ہی ایٹمی توانائی کی بین الاقوامی ایجنسی IAEA کی نگرانی میں ہیں۔

ایران کی سرکار نے اقوام متحدہ، اُس کی سلامتی کونسل اور ایٹمی توانائی کی بین الاقوامی ایجنسی پر زور دیا ہے کہ فوری کارروائی کی جائے۔ ایران نے اِس حملے کی مذمت کرنے اور امریکہ کو جوابدہ ٹھہرانے کے لیے اقوام متحدہ کا ہنگامی اجلاس طلب کیے جانے کی اپیل کی ہے۔ ایران نے مبینہ طور پر جانبداری برتنے پر IAEA پر نکتہ چینی بھی کی ہے۔

ایران نے خبردار کیا ہے کہ اس معاملے پر بین الاقوامی سطح پر خاموشی سے ایک غلط اور خطرناک نظیر قائم ہوگی اور عالمی قانون اور ڈپلومیسی کو زک پہنچے گی۔×

## US TRUMP ADDRESS

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے آج صبح ملک سے اپنے خطاب میں حملوں کو شاندار کامیابی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ان حملوں کا مقصد ایران کی ایٹمی افزودگی کی صلاحیت کو روکنا اور ساتھ ہی دہشت گردی کی پشت پناہی کرنے والے دنیا کے نمبر ایک ملک سے لاحق ایٹمی خطرے کو روکنا تھا۔

Byte-0815-Trump

## GUTERRES-NETANYAHOO-US STRIKES

اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نتن یاہو نے ایران کے ایٹمی ٹھکانوں پر حملہ کرنے کا فیصلہ کرنے پر امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کو مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے ایک ویڈیو جاری کیا ہے جس میں ایران پر حملہ کرنے کے صدر ٹرمپ کے فیصلے کی تعریف کی گئی ہے اور یہ کہا ہے کہ اِس سے تاریخ بدل جائے گی۔

Byte - New Benjamin Nitenyaho

## IAEO US STRIKES

ایران کی ایٹمی توانائی سے متعلق تنظیم نے کہا ہے کہ اُس کے ایٹمی ٹھکانوں پر حملے بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی کے مترادف ہیں۔ ایران کی ایجنسی نے کہا ہے کہ تابکاری نظام کے ڈیٹا اور فیلڈ سروے سے Fordow، اصفہان اور Natanz میں ایٹمی ٹھکانوں کے نزدیک رہنے والے لوگوں کو کسی طرح کے خطرے کا کوئی اشارہ نہیں ملا ہے۔

ایک بیان میں ایران کی ایٹمی توانائی سے متعلق تنظیم نے کہا ہے کہ سائنسداں اور ماہرین ایران کی ایٹمی صنعت کو آگے لے جانے کے لیے کام کرتے رہیں گے۔ اُس نے کہا ہے کہ وہ ضروری اقدامات کرے گی، جس میں قانونی کارروائی کرنا بھی شامل ہے۔×

## IAEA US STRIKES

ایٹمی توانائی سے متعلق بین الاقوامی ایجنسی IAEA نے کہا ہے کہ ایران کے ایٹمی ٹھکانوں پر امریکہ کے فضائی حملوں کے بعد تابکاری کی سطح میں کوئی اضافہ نہیں ہوا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ایٹمی سرگرمیوں پر نظر رکھنے والے اقوام متحدہ کے ادارے نے تصدیق کی ہے کہ اب تک وہاں تابکاری بڑھنے کی کوئی اطلاع نہیں ملی ہے۔ ایجنسی نے یہ بھی کہا ہے کہ مزید جانکاری دستیاب ہونے کے بعد تازہ جائزہ فراہم کیا جائے گا۔×

## US STRIKES IRAN RESPONSE

ایران کی تین ایٹمی تنصیبات پر امریکہ کے فضائی حملوں کے بعد جوابی کارروائی کرتے ہوئے ایران نے آج صبح سویرے اسرائیل پر 30 سے زیادہ بیلسٹک میزائل داغے۔ اسرائیل کی دفاعی افواج نے میزائل حملے کی تصدیق کی ہے، جو Haifa سمیت وسطی اسرائیل کے کئی علاقوں میں کیے گئے۔

معلوم ہوا ہے کہ Haifa میں جو میزائل حملہ ہوا ہے وہاں پیش آگاہی کے لیے کوئی سائرن کی آواز نہیں سنی گئی، جس سے میزائل حملے کی صورت میں لوگوں کو چوکس کرنے کے نظام میں ممکنہ خامی پر تشویش ظاہر کی گئی ہے۔

اسرائیل کی ایمرجنسی خدمات کے مطابق دو بچوں سمیت 16 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ دیگر خطوں میں بھی لوگوں کو بم حملوں سے بچنے کی پناہ گاہوں میں بھیجا گیا۔

البتہ، اسرائیل کے دیگر حصوں میں ممکنہ خطرے سے خبردار کرنے کے لیے سائرن کی آواز سنی گئی اور لوگ بم حملوں سے بچنے کی پناہ گاہوں کی طرف بھاگ کھڑے ہوئے جیسا کہ ہوم فرنٹ کمان نے ہدایت دے رکھی ہے۔×

## IRAN FOREIGN MINISTER

ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی نے، ایران کی تین ایٹمی تنصیبات پر اسرائیل کے ساتھ تال میل کر کے امریکی فورسز کے فوجی حملوں کے بعد امریکہ کی سخت مذمت کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب عراقچی نے امریکہ پر اقوام متحدہ منشور، بین الاقوامی قوانین اور ایٹمی ہتھیاروں کے پھیلاؤ کی روک تھام کے معاہدے NPT کی

خلاف ورزی کرنے کا الزام لگایا ہے۔ ایران کے وزیر خارجہ نے اِن حملوں کو شرمناک قرار دیا ہے اور یہ تنبیہ کی ہے کہ اِس کے دور رس مضمرات مرتب ہوں گے۔ جناب عراقچی کا یہ شدید ردِّعمل امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے اِس اعلان کے بعد سامنے آیا ہے کہ امریکہ نے اسرائیل کے ساتھ مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے ایران میں Fordow، Natanz اور اصفہان میں ایٹمی تنصیبات پر حملہ کیا ہے۔×

## ISRAEL STRIKE - IRAN

اسرائیل اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے تناظر میں اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ اُس نے ایران کے ایٹمی ٹھکانوں پر امریکہ کے حملوں کے بعد آج مغربی ایران میں میزائل لانچرس سمیت فوجی ٹھکانوں کو نشانہ بناتے ہوئے پھر سے حملے کیے ہیں۔

سوشل میڈیا پوسٹ پر اسرائیل کی دفاعی افواج نے کہا ہے کہ اُس کی فضائیہ نے اسرائیلی علاقے کی طرف میزائل داغنے کے لیے تیار میزائل لانچرس اور ایران کی مسلح افواج کے سپاہیوں پر حملہ کیا اور لانچرس کو تیزی کے ساتھ ناکارہ بنا دیا، جن کے ذریعے اسرائیلی علاقے میں میزائل داغے گئے تھے۔×

## NEPAL SRI LANKA OP SINDHU

آپریشن سندھو کے تحت ایران سے اب تک مجموعی طور پر ایک ہزار 117 بھارتی شہریوں کو واپس لایا جا چکا ہے۔ وزارت خارجہ کے مطابق مشہد سے ایک خصوصی پرواز کے ذریعے 290 بھارتی شہری کل رات بحفاظت نئی دلی واپس آ گئے۔

اِدھر سری لنکا اور نیپال کی سرکاروں کی باضابطہ درخواست پر آپریشن سندھو کے تحت بھارت کی کوششوں سے اِن دونوں ملکوں کے شہریوں کو بھی وہاں سے باہر لایا جا رہا ہے۔

سری لنکا کے وزیر خارجہ نے بھارتی شہریوں کے ساتھ ساتھ سری لنکا کے شہریوں کو ایران سے باہر لانے میں بروقت امداد کے لیے بھارت سرکار کا شکریہ ادا کیا ہے۔×

## SPECIAL FEATURE - 11 YEARS OF GOVT

ملک میں سیوا، Sushasan اور غریب کلیان کے اصولوں پر چلتے ہوئے پچھلے گیارہ سال میں قابل قدر تبدیلیاں آئی ہیں۔ آکاشوانی نیوز مختلف اہم شعبوں میں گذشتہ گیارہ سال کے دوران سرکار کی کوششوں کے بارے میں ایک خصوصی فیچر پیش کر رہا ہے۔ آج ہم جس موضوع پر توجہ مرکوز کر رہے ہیں، اُس کا عنوان ہے ''بھارت کا توانائی کا

انقلاب - جرأت مندانہ اصلاحات، صلاحیت میں ریکارڈ اضافے اور ماحولیات کے لیے سازگار اور بھروسے مند بجلی کی پرزور وکالت کی ایک دہائی''۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C - Vishnu

گزشتہ دہائی کے دوران بھارت کے بجلی کے شعبے نے شاندار ترقی کی ہے۔ اس میں بڑھتی مانگ، متعلقہ اہمیت کے حامل بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور روائتی اور قابل تجدید دونوں قسم کے توانائی کے وسائل کے لئے ٹھوس پالیسی معاونت کا اہم رول رہا ہے۔ جون 2025 تک، ملک کی بجلی کی نصب شدہ کُل صلاحیت 476 گیگاواٹ تک پہنچ گئی ہے۔ اس میں تقریباً نصف بجلی، غیرروائتی ایندھن کے وسائل سے تیار کی گئی ہے۔صرف قابل تجدید توانائی سے 226 گیگاواٹ بجلی تیار کرنے کے ساتھ ہی، بھارت، شمسی توانائی سے بجلی تیارکرنے کی صلاحیت میں عالمی سطح پر تیسرے مقام پر اور ہوا سے بجلی تیار کرنے میں چوتھے مقام پر پہنچ گیا ہے۔ ملک نے اپریل 2018 تک صد فی صد گاؤوں میں بجلی فراہم کرنے کے ساتھ دو کروڑ 80 لاکھ سے زیادہ کنبوں کو گرڈ سے جوڑدیا ہے۔

بجلی کی قلت میں بھی زبردست کمی آئی ہے۔سال 2014 میں یہ قلت چار فیصد سے زیادہ تھی ، جو کہ آج محض صفر اعشاریہ ایک فیصد رہ گئی ہے۔ دوسری جانب بجلی کی فی کس کھپت میں 45 فیصد تک کا اضافہ درج کیا گیا ہے۔

PM - سوریہ گھر یوجنا سے ملک بھر کے گھر روشن ہورہے ہیں۔ جبکہ PM - کسم اسکیم،شمسی توانائی کے ذریعہ آبپاشی کی بدولت، کسانوں کو بااختیار بنارہی ہے۔

نیشنل گرین ہائیڈروجن مشن سے لے کر بین الاقوامی شمسی اتحاد تک، بھارت، نہ صرف یہ کہ توانائی سے متعلق اپنی ضروریات پوری کررہا ہے بلکہ ماحولیات کے لئے زیادہ سازگار مستقبل کی سمت سرکردہ رول بھی ادا کررہا ہے۔

وشنوکی رپورٹ کے ساتھ ، اُردو خبروں کے لئے میں عبدالمالک۔

## NIA PAHALGAM

پہلگام میں دہشت گردانہ حملے کے کیس میں قومی جانچ ایجنسی NIA نے حملہ کرنے والے دہشت گردوں کو مبینہ طور پر پناہ دینے کی بنا پر دو افراد کو گرفتار کیا ہے۔ اِسے ایک بڑی پیش رفت مانا جا رہا ہے۔

ایک بیان میں NIA نے کہا ہے کہ اِن دو افراد نے حملے میں ملوث تین مسلح دہشت گردوں کی شناخت کا انکشاف کیا ہے۔ جن دو افراد کو گرفتار کیا گیا ہے اُن میں سے ایک Batkote کا رہنے والا پرویز احمد Jothar اور دوسرا Hill Park پہلگام کا بشیر احمد Jothar ہے۔

ایجنسی نے کہا ہے کہ ملزموں نے اِس بات کی تصدیق کی ہے کہ حملہ آور دہشت گرد تنظیم لشکرطیبہ سے وابستہ پاکستانی شہری تھے۔

NIA کے مطابق پرویز اور بشیر نے حملے سے پہلے Hill Park میں ایک عارضی Hut میں دانستہ طور پر تین مسلح دہشت گردوں کو پناہ دی تھی۔ گرفتار کیے گئے افراد نے دہشت گردوں کو کھانا، رہنے کی جگہ اور دیگر مدد فراہم کی تھی۔ NIA نے غیرقانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے قانون کے تحت اِن دو افراد کو گرفتار کیا ہے۔×

## INDIA ENGLAND TEST CRICKET

Leeds میں Headingley کے مقام پر Anderson-Tendulkar ٹرافی کے پہلے ٹیسٹ میچ کے آج تیسرے دن انگلینڈ اپنی پہلی اننگز میں تین وکٹ پر 209 رن سے آگے کھیلنا شروع کرے گا۔ بھارت نے پہلی اننگز میں 471 رن بنائے ہیں۔

انگلینڈ کی ٹیم کے اب تک جو تین کھلاڑی آؤٹ ہوئے ہیں، ان سبھی کو جسپریت بمراہ نے آؤٹ کیا ہے۔

اس سے قبل انگلینڈ نے ٹاس جیت کر بھارت سے بلے بازی کرنے کو کہا اور بھارت نے 471 رن کا بڑا اسکور بنایا جس میں سلامی بلے باز یشسوی جائیسوال، کپتان شبھمن گل اور نائب کپتان رشبھ پنت کی شاندار سنچریوں کا اہم رول رہا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆